# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Wednesday, the 14th May, 2025 at11.00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3.** **MR. MUHAMMAD MOIN AAMER PIRZADA** **SYED HAFEEZUDDIN**
**SYED WASEEM HUSSAIN** to invite attention of the Minister for Defence,to a matter of urgent public importance regardingnon-payment of life insurance and property compensation to the families of the victims of PIA flight PK-8030, which crashed in Karachi on 22nd May, 2020, despite the considerable passage of time.

**PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE**

**4.** **MR. FATEH ULLAH KHAN,** Chairman Standing Committee on Defence, to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Navy Ordinance, 1961 [The Pakistan Navy (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned.

**5.** **MR. FATEH ULLAH KHAN,** Chairman Standing Committee on Defence, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Pakistan Navy Ordinance, 1961 [The Pakistan Navy (Amendment) Bill, 2025].

**LEGISLATIVE BUSINESS**

**6.** **SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control,to move that the Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**[Amendments entered in a separate list to be moved]**

**7.** **SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control,to move that the Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2024], be passed.

**8.** **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to move that the Bill further to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 [The Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**9.** **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to move that the Bill further to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 [The Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Bill, 2024], be passed.

**PRESENTATION OF PERIODICAL REPORTS OF THE STANDING COMMITTEE**

**10.** **MR. MUHAMMAD JAWED HANIF KHAN,** Chairman Standing Committee on Commerce, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**11. MALIK MUHAMMAD AAMIR DOGAR,** Chairman Standing Committee on Religious Affairs and Interfaith Harmoney, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**12. SYED HUSSAIN TARIQ,** Chairman Standing Committee on National Food Security and Research, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**13. KHAWAJA SHERAZ MEHMOOD,** Chairman Standing Committee on Science and Technology, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**14. MIR GHULAM ALI TALPUR,** Chairman Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

## MOTION OF THANKS

**15. Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March,2025:-

> “This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025.”

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**16.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**17. MR. AMJAD ALI KHAN** to invite attention of the Minister for Communications,to a matter of urgent public importance regarding non-construction of 12 bridges on Kalam Road (N-95) under an ADB-funded project in 2013, as well as non-rehabilitation of 6 KM road washed away by floods, despite the Prime Minister’s announced rehabilitation packages causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**13th May, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**SecretaryGeneral**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو بدھ، ۱۴مئی، ۲۰۲۵ء صبح گیارہ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **جناب محمد معین عامر پیرزادہ** **سید حفیظ الدین** **سید وسیم حسین** وزیر برائے دفاع کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو ۲۲مئی، ۲۰۲۰ء کو کراچی میں تباہ ہونے والی پی آئی اے کی پرواز پی کے۔۸۰۳۰ کے متاثرین کے خاندانوں کو کافی عرصہ گزر جانے کے باوجود لائف انشورنس اور املاک کے معاوضے کی ادائیگی نہ کیے جانے سے متعلق ہے۔

### قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۔ **جناب فتح اللہ خان،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان نیوی آرڈیننس، ۱۹۶۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان نیوی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۵۔ **جناب فتح اللہ خان،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع، پاکستان نیوی آرڈیننس، ۱۹۶۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان نیوی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

### قانون سازی

۶۔ **سید محسن رضا نقوی،** وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان شہریت ایکٹ، ۱۹۵۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان شہریت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]**

۷۔ **سید محسن رضا نقوی،** وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان شہریت ایکٹ، ۱۹۵۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان شہریت (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۸۔ **جناب خالد مقبول صدیقی،** وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۹۔ **جناب خالد مقبول صدیقی،** وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

### قائمہ کمیٹی کی میعادی رپورٹوں کا پیش کرنا

۱۰۔ **جناب محمد جاوید حنیف خان،** چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے تجارت، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۱۔ **ملک محمد عامر ڈوگر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۲۔ **سید حسین طارق**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۳۔ **خواجہ شیراز محمود**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۴۔ **میر غلام علی تالپور**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک تشکر

۱۵۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۱۶۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۱۷۔ **جناب امجد علی خان** وزیر برائے مواصلات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو وزیر اعظم کے بحالی پیکجز سے متعلق اعلان کے باوجود سال ۲۰۱۳ء میں اے ڈی بی کے فراہم کردہ فنڈ سے کالام روڈ (این۔۹۵) پر ۱۲ پلوں کی عدم تعمیر اور سیلاب سے تباہ ہونے والی ۶ کلومیٹر طویل سڑک بحال نہ کیے جانے سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۳ مئی، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**